کے نتائج و اثرات، ان کے مزاج و مذاق اور ان کے فکر و عمل اور مؤثر انقلابی کردار کے بیان کیے بغیر ادھوری رہے گی کیونکہ عامۃ المسلمین اور عام نسل کی موجودہ بے راہ روی، اسلام کی صحیح روح سے بُعد، آسمانی مذاہب کی مخالفت، مادی اقدار کی غلامی اور مغربی و لادینی فکر سے وابستگی درحقیقت، سلف صالحین اور ائمہ امت پر اعتماد کے فقدان اور اُن کے پیغامات و تعلیمات سے ناواقفیت کا لازمی نتیجہ ہے۔ لہٰذا ضروری تھا کہ اسلاف کے واقعات سے لوگوں کو روشناس کرایا جائے تاکہ اس زمانہ کے نوجوانوں کے لیے ان کے صحیح حالات اور واقعات سبق آموز، شوق انگیز اور ہمت آفریں ثابت ہوں اور بحیثیت جلیل القدر اور کامل انسان کے ان کے حالات منظر عام پر آئیں۔ اس ضرورت کے پیش نظر جناب اعجاز احمد خان سنگھانوی صاحب نے خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ سے نسبی یا علمی و باطنی انتساب رکھنے والے تقریباً ستر اکابر علماء و مشائخ اور اسلافِ امت کے تبحر علمی، ذہانت و فطانت، نکتہ رسی و دقیقہ سنجی، حسن اخلاق، کریم النفسی، مجاہدہ و ریاضت، ورع و تقویٰ، توکل و استغناء، تواضع و انکساری، شفقت علی الخلق اور انسانی مروت و ہمدردی کے سچے سبق آموز اور مؤثر حکایات کو کتابی صورت میں جمع کر کے اُمتِ مسلمہ اور بالخصوص نئی نسل پر بہت بڑا احسان کیا ہے ـــــ کتاب اہل زمانہ کے معیار اور مذاق کو ملحوظ رکھ کر نہایت سلیس اور سہل زبان میں لکھی گئی ہے۔ یقین ہے کہ اہل علم، تبلیغی حلقے اور اشاعتی ذوق رکھنے والے احباب اس کی قدر کریں گے۔

حکایات الصالحین | تالیف: جناب اعجاز احمد سنگھانوی ـــــ ضخامت: ۱۱۲ صفحات ـــــ قیمت: ۸/- روپیہ

ناشر: کتب خانہ انور شاہ ۶۸۲ / بی حضرت عثمان غنی روڈ کورنگی ٹاؤن شپ کراچی ۳۱

مؤلف موصوف کی اس کتاب میں "حکایات الاسلاف" کی طرح علماء دیوبند کے علاوہ دیگر برگزیدہ اور جید علماء کے چیدہ چیدہ سبق آموز واقعات کو بڑے دلچسپ اور موثر انداز میں جمع کیا گیا ہے۔ جو اکابر اُمت کے ساتھ محبت اور ان کی زندگی کو اپنے لیے نمونۂ عمل اختیار کرنے کا اہم ذریعہ بنے گی ـــــ کتاب نہایت سلیس، عام فہم اور ادبی ذوق کی حامل ہے۔ خدا کرے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے نفع حاصل کرسکیں۔

سفرِ آخرت | تالیف: جناب اعجاز خان سنگھانوی ـــــ ضخامت: ۱۳۶ صفحات ـــــ قیمت درج نہیں

ناشر: کتب خانہ انور شاہ ۶۸۲ / بی حضرت عثمان غنی روڈ کورنگی ٹاؤن شپ کراچی ۳۱

فاضل مؤلف کا یہ رسالہ بھی اپنے موضوع پر نہایت اہم رسالہ ہے اس میں آخرت کے سفر کی پہلے مرحلے بیماری سے لے کر آخری مراحل دوزخ و جنت کے تمام مسائل، احکام اور نتائج نہایت عبرت انگیز اور سبق آموز انداز میں بیان کیے گئے ہیں بیماری، موت، نماز جنازہ، قبر، ایصال ثواب، عالم برزخ، جنت و دوزخ اور اس کے نعم و نقم کے بارہ میں خوب دلنشین انداز سے لکھا ہے۔ یہ رسالہ اصلاحِ نفس اور اعمالِ صالحہ کے انگیخت کے لیے مؤثر ذریعہ ثابت ہوگا۔ انشاء اللہ العزیز۔